سوال

(337) حدیث نبوی : مَن رَاٰی مِنکُم مُنکَرًا الخ کا مطلب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس حدیث مَن رَاٰی مِنکُم مُنکَرًا الخ کا بہتر مطلب جو الفاظ حدیث سے ملتا جلتا ہو کیا ہے؟ اس لیے کہ شراح حدیث نے اس حدیث کا مطلب کئی طور سے بیان کیا ہے ۔ (سائل عبد الرحیم از لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث :

«مَن رَاٰی مِنکُم مُنکَرًا فَلْیُغَیِّرْهُ بِیَدِهِ, فَإِن لَّم یَستَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِن لَّم یَستَطِعْ فَبِقَلْبِهِ, وَذٰلِکَ أَضْعَفُ الْإِیمَانِ» [1]

(جو تم میں سے برائی دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ کے ساتھ بدل دے ۔ پس اگر اس کی طاقت نہیں رکھتا تو اپنی زبان کے ساتھ پھر اگر اس کی طاقت نہیں رکھتا تو اپنے دل کے ساتھ اور یہ سب سے کمزور ایمان ہے) کا مطلب میری سمجھ میں اس سے بہتر اور کوئی نہیں آتا کہ اس حدیث میں بنی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو باتیں بیان فرمائی ہیں ۔

1۔ مسلمانوں کی باعتبار قوت وضعف کے کتنی قسمیں ہیں ۔

2۔ یہ کہ ان قسموں میں سے ہر ایک کا فرض کیا ہے ؟

پس فرمایا کہ مسلمانوں کی باعتبار قوت وضعف کے تین قسمیں ہیں ایک اقوی جیسے با اختیار حکام جو اپنے پورے اختیار سے منکر کو مٹا سکتے ہیں ان کا فرض یہ ہے کہ وہ منکر کو اپنے ہاتھ سے مٹا چھوڑیں ۔ دوم اوسط جیسے وہ علماء جو منکر کو اپنے ہاتھ سے تو نہیں مٹا سکتے مگر صرف زبان سے منع کر سکتے ہیں پس ان کا فرض یہ ہے کہ صرف زبان سے مناسب طریقے سے منع کر دیں ۔

ادعُ إِلىٰ سَبيلِ رَبِّكَ بِالحِكمَةِ وَالمَوعِظَةِ الحَسَنَةِ... ۱۲۵ ... سورة النحل

(اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ بلا)

سوم اضعف جیسے وہ لوگ جو ہاتھ سے مٹانا تو درکنار زبان سے بھی منع نہیں کرسکتے ان کا فرض یہ ہے کہ صرف دل سے اس منکر کو برا جانیں و بس

لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۲۸٦ ... سورة البقرة

اس بیان سے ظاہر ہوا کہ اس حدیث میں قوت اور ضعف سے ایمانی قوت اور ضعف مراد نہیں ہے بلکہ تغیر منکر کے متعلق قوت اور ضعف مراد ہے حتی کہ اگر کوئی شخص جو ایک درجے کا ایمان رکھتا ہو۔ جب تک وہ قسم سوم کے افراد سے ہے اس کا فرض وہی ہے جو قسم دوم سے قسم اول کی طرف ترقی کر جائے تو اس کا فرض ہو جائے گا اگرچہ ایمانی حالت اس کی بدستور ہو۔ (واللہ تعالیٰ اعلم) کتبہ : محمد عبداللہ (19 جمادی الاولیٰ 32ھ)

---

[1]۔ صحیح مسلم رقم الحدیث (49)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04